## جیوٹی وی کے پروگرام'' برنچ ود بشریٰ'' کیلئے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اہم اورخصوصی انٹرویو

## اتوار 8 جون کو دوپہر 12 بجے نشر کیا جائے گا

## انٹرویو پروگرام کی میزبان اور ملک کی ممتاز فنکارہ بشریٰ انصاری نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں لیا ہے

لندن۔۔6 جون،2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جیوٹی وی کے پروگرام'' برنچ ود بشریٰ'' (Brunch with Bushra) کے لئے ایک اہم اورخصوصی انٹرویو دیا ہے۔ جناب الطاف حسین کا یہ انٹرویو جیو انٹرٹیمنٹ پر اتوار 8 جون کو پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے نشر کیا جائے گا۔ جناب الطاف حسین کا یہ خصوصی انٹرویو پروگرام ''برنچ ود بشریٰ'' کی میزبان اور ملک کی ممتاز ومعروف فنکارہ بشریٰ انصاری نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں لیا تھا۔ اپنے اس انٹرویو میں جناب الطاف حسین نے اپنے بچپن اورنوجوانی کے دلچسپ واقعات، خاندان کے حالات، تحریک کے قیام کے اسباب ووجوہات، تحریکی جدوجہد کے مختلف مراحل اور سیاسی فکر وفلسفہ کوتفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اپنے اس انٹرویو میں جناب الطاف حسین نے اپنی نجی زندگی کے بارے میں پہلی بار بہت سی اہم گفتگو کی ہے۔

## آزادکشمیر کے وزیراعظم سردار عتیق احمد کے چچا عبدالغفار خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔6 جون،2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزادکشمیر کے وزیراعظم سردار عتیق احمد کے چچا عبدالغفار خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے سردار عتیق احمد سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## ایم کیوایم پنجاب لودھراں کے ڈسٹرکٹ انچارج اسلم بخاری کے صاحبزادے علی حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔6 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ لودھراں کے انچارج اسلم بخاری کے جواں سال صاحبزادے علی حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے اسلم بخاری سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان اور آرگنائزنگ کمیٹی کے تمام ارکان نے بھی ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ لودھراں کے انچارج اسلم بخاری کے جواں سال صاحبزادے علی حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## آزاد کشمیر میں مستقبل ایم کیوایم کا ہے، انتقامی کاررائیوں کے باوجود تحریک کے پیغام کو پھیلاتے رہیں گے، طاہر کھوکھر

### مظفرآباد میں کارکنان وذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

### ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں عام لوگوں کو بھی میرٹ کی بنیاد پر عوامی نمائندگی کا موقع ملتا ہے، سلیم بٹ، الطاف اعوان

مظفرآباد۔۔۔6، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مستقبل ایم کیوایم کا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داران وکارکنان آزاد کشمیر میں تحریک کو فعال بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے لائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ایل اے ہاسٹل میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام تر رکاوٹوں اور انتقامی کارروائیوں کے باوجود آزاد کشمیر میں تحریک کے کام کو آگے بڑھاتی رہے گی اور متوسط اور غریب طبقے کے حقوق کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام دو بڑی سیاسی جماعتوں کو بار بار آزمانے کے بعد مایوس ہو چکے ہیں اور اب وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہو رہے ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فرمان ہے کہ انقلاب امیروں اور سرمایہ داروں کے محلوں سے نہیں بلکہ متوسط اور غریب عوام کے جھونپڑوں سے آتے ہیں، متحدہ قومی موومنٹ انقلابی تحریک ہے، ایم کیوایم آزاد کشمیر کے عوام کو لوٹنے والے عناصر سے نجات دلانے اور انکے حقوق کے لئے جدوجہد کرتی رہے گی۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے رکن محمد سلیم بٹ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں معاشرہ کے عام لوگوں کو بھی میرٹ کی بنیاد پر عوامی نمائندگی کا موقع ملتا ہے۔ اجلاس میں ضلع مظفرآباد کے انچارج الطاف اعوان کے علاوہ لطیف عباسی، رفیق ہاشمی، وحید خان، عزت علی، چوہدری یعقوب اور دیگر کارکنان وعہدیداران نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر قرارداد منظور کی گئی جس میں وادی نیلم کے واقعہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے بھرپور نوٹس لینے اور ایم کیوایم آزاد کشمیر کے کارکنان پر ظلم وزیادتی کے سلسلہ کو بند کروانے پر اظہار تشکر کیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا ظلم وجبر کے باوجود حق پرستی کی تحریک کے پیغام کو آزاد کشمیر کے چپے چپے تک پہنچایا جائے گا۔

## ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ لودھراں کے انچارج اسلم بخاری کے صاحبزادے علی حسین انتقال کر گئے

### مرحوم کو لودھراں چک ہمتہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔6 جون 2008ء

ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ لودھراں کے انچارج محمد اسلم بخاری کے جواں سال صاحبزادے علی حسین جمعرات کی شب انتقال کر گئے ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' مرحوم کی عمر 23 سال کی تھی اور وہ شادی شدہ تھے مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، والدین، 3 بہنیں اور 4 بھائی شامل ہیں۔علی حسین چند روز قبل ایک حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے تھے اور مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے جہاں ان کے سر میں چوٹ لگنے کے باعث ان کے دماغ کا آپریشن کیا گیا تھا لیکن جمعرات کے روز ان کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی جہاں ڈاکٹروں نے ان کی جان بچانے کی حتیٰ الامکان کوشش کیں مگر وہ جانبر نہ ہو سکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم کو جمعہ کے روز بعد نماز عصر لودھراں کے قبرستان میں سینکڑوں افراد کی آہوں سسکیوں کے درمیان چک ہمتہ ضلع لودھراں کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، شیخ صلاح الدین، ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر زاہد ملک پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن طفیل ٹھاکر، علاقائی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار عتیق احمد کے چچا عبدالغفار خان کے انتقال پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر محمد طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ کا اظہار تعزیت

مظفر آباد۔۔6 جون، 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر اور رکن اسمبلی سلیم بٹ نے آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار عتیق احمد چچا کے عبدالغفار خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں محمد طاہر کھوکھر نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

☆☆☆☆☆